# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**

**Date: 10-August-2026**

**Time: 12:30/PM**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

ترنگا مہم

ملک بھر میں شہریوں میں حب الوطنی کے جزبے کو تقویت بخشنے، قومی یکجہتی کو فروغ دینے نیز بھارت کے گوناگوں ثقافتی ورثے کو اُجاگر کرنے کی غرض سے کل سے ہر گھر ترنگا مہم کا آغاز ہوا۔ ملک بھر میں ہر گھر ترنگا پہل سال **2022** میں شروع ہوئی اور اب یہ ملک کی ایک بڑی عوامی تحریک ابھر کر سامنے آئی ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بڑھ چڑھ کر ہر گھر ترنگا مہم میں شرکت کرکے وکست بھارت کے خواب کو شرمندۂ کرنے کیلئے اپنے عزم کو دہرائیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ ہمارا ترنگا ہماری شان ہے اور یہ ہمیں قوم کے تئیں بہتر کرنے کیلئے لگاتار ترغیب دیتا رہے گا۔

وزیراعظم نے کہا کہ اس بات کیلئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ رواں برس کی تقریبات وندے ماترم کیلئے وقف ہیں، کیونکہ اس سال قومی ترانے کے ڈیڑھ سو سال پورے ہو رہے ہیں۔

ترنگا جموں وکشمیر

اِدھر جموں وکشمیر میں بھی ہر گھر ترنگا مہم کے تحت خصوصی پروگراموں اور ریلیوں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ 17 اگست تک جاری رہنے والی یہ مہم یوٹی کے سبھی 20 اضلاع میں شدومد سے عملائی جارہی ہے۔
اس پہل کے دوران مختلف علاقوں میں قومی پرچم جوش وجذبے کے ساتھ لہرایا جاتا ہے اور جہد وجہد آزادی کے شہیدوں کو خراج عقیدت ادا کیا جاتا ہے۔ ہر گھر ترنگا مہم کے تحت اسکولوں میں Quiz مقابلوں اور بحث ومباحثوں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے کل نئی دلی میں اپنی رہائش گاہ پر دولت مشترکہ 2026 کھیلوں میں میڈل جیتنے والے کھلاڑیوں کے ساتھ ملاقات کی۔ اس موقعے پر کھلاڑیوں نے وزیراعظم کے ساتھ ان کھیلوں کے دوران حاصل کئے گئے تجربات شیئر کئے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ ان کھلاڑیوں نے اپنی بے مثال کارکردگی سے ملک کا سر فخر سے اونچا کیا ہے اور اُن کی کامیابی نوجوانوں کو ترغیب دیتی رہے گی۔ وزیراعظم نے اس دوران ایک ویڈیو پیغام شیئر کیا اور کہا کہ ”جو کھیلیں گے وہ آگے بڑھیں گے“۔

آواس یوجنا

مکانات وشہری ترقی کی وزارت نے کہا کہ ملک بھر میں پردھان منتری آواس یوجنا۔ اربن اور PMAY-U دوئیم کے تحت اب تک ایک کروڑ 25 لاکھ سے زائد مکانات منظور کئے گئے ہیں، جن میں سے اب تک ایک کروڑ مکانات مکمل کئے گئے ہیں اور مستفیدین کو سونپنے گئے ہیں ہیں۔ وزارت نے کہا کہ ان میں سے پی ایم اے وائی۔ یو 2.0 کے تحت منظور شدہ مکانات میں سے دو لاکھ نو ہزار سے زائد مکانات 16 ریاستوں اور یوٹیز کے اقتصادی طور پسماندہ کنبوں کیلئے منظور کئے گئے ہیں، جن میں جموں وکشمیر بھی شامل ہے۔

ریل پروجیکٹ

جموں وکشمیر میں ریل رابطے کو مزید وسعت دینے کی غرض سے ایک بڑی پیش رفت کے تحت کئی اہم تفصیلی پروجیکٹ رپورٹوں کو منظوری دی گئی ہے،ان میں جموں ، ریاسی اور پونچھ ریلوے لائن بھی شامل ہے ۔آکاشوانی کے جموں نمائندے کے مطابق **190** کلو میٹر لمبے اس مجوزہ ریلوے لائن کیلئے پہلے ہی **DPR** تیار کرنے کا عمل شروع کیا گیا ہے جبکہ جموں اور شری ماتا ویشنو دیوی کٹڑہ کے درمیان اضافی **78** کلومیٹر مسافت والی لائن کیلئے سروے کرنے کو منظوری دی گئی ہے ۔جالندھر کینٹ اور جموں توی کے درمیان **216** کلومیٹر کی ریلوے لائن کیلئے بھی **DPR** تیار کیا گیا ہے اور اس کے علاوہ سانبہ ضلعے میں گتی شکتی کارگو ٹرمنل بھی چالو کیا گیا ہے جبکہ کٹھوعہ، اننت ناگ اور جموں میں بھی اس قسم کے ٹرمنل بنانے کو منظوری دی جا چکی ہے ۔

منشیات

جموں وکشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کیلئے کوششیں جاری ہیں ۔جموں وکشمیر پولیس، انتظامیہ اور دیگر محکمے اس تعلق سے بے مثال کام انجام دے رہے ہیں ۔ایک طرف اس دھندے میں ملوث لوگوں کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے اور دوسری طرف منشیات کے عادی نوجوانوں کی باز آبادکاری کے اقدامات کئے جارہے ہیں ۔ پولیس نے شوپیاں اور پلوامہ سے **2** منشیات فروشوں کو گرفتار کیا ہے ۔ پولیس نے بارہمولہ کے نو پورہ علاقے میں کافی مقدار میں کاشت کی گئی بھانگ کو تباہ کردیا۔

بھارت پروگرام

دریں اثناء شوپیاں ضلعے میں کل نشہ مکت یُو افار وکست بھارت پروگرام کے تحت متعدد بیداری پروگراموں کو انعقاد کیا گیا، جن کے دوران ماہرین نے منشیات کے مضر اثرات پر تفصیل سے روشنی ڈالی ۔انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو تعلیم، کھیل کود، تخلیقیت، اختراعیت اور دیگر شعبوں میں مثبت طریقے سے بروئے کار لائیں اور پورے سماج کیلئے سفیر کے طور پر کام کریں ۔

بلتی نیوز

آکاشوانی کے ریجنل نیوز یونٹ سرینگر کو کیجول بنیادوں پر بلتی نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل تشکیل دینا مطلوب ہے ۔امیدوار کی تعلیمی قابلیت گریجویشن ہونی چاہیئے ۔امیدوار کیلئے انگریزی واردو متن کو نشریاتی معیار کے مطابق بلتی میں ترجمہ کرنے کی صلاحیت ہونا لازمی ہے ۔امیدوار کی عمر 21 سے 50 سال کے درمیان مقرر کی گئی ہے ۔اس سلسلے میں جموں کشمیر اور لداخ کے رہائش پذیر اہل امیدوار اپنی درخواستیں 15 اگست 2026 شام پانچ بجے تک آکاشوانی سرینگر کے ریجنل نیوز یونٹ میں جمع کر سکتے ہیں ۔

بھدرواہ قصبہ

حکومت نے جموں صوبے کے ڈوڈہ ضلعے کے بھدرواہ قصبے میں واقع رتن گڑھ قلعے کی شان رفتہ بحال کرنے اور اس کی تجدید کاری کیلئے **10** کروڑ روپے مالیت کے منصوبے کو منظوری دی ہے ۔وزیر اعلیٰ کے دفتر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں حکومت کے اس فیصلے کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس منصوبے کا مقصد بھدرواہ قصبے میں تاریخی اہمیت کی ثقافت کو تحفظ فراہم کرنا اور مقامی سطح پر سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے ۔

عمر حادثہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سُپر سپیشلٹی اسپتال جموں کے نزدیک فلائی اُوَر پر ایک میٹاڈور کو پیش آئے حادثے میں 25 لڑکیوں کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ زخمیوں کو اسپتال میں فوری طبی امداد دی گئی ۔انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔